© rasailojaraid.com



باغ میں کئی کئی منزلہ حویلیاں۔

سونے کی ایک کان۔

سونے چاندی کی انگوٹھیاں۔

چار لاکھ درہم کی قیمت کی ایک دیگ جس پر چاندی کے تین کڑے تھے۔

فتح مکہ کے موقع پر زیر استعمال تلوار جس پر سونے کا کام تھا۔

پندرہ گھوڑے۔ چار اونٹنیاں سواری کے لئے اور ۲۰ اونٹنیاں دودھ والی۔ ایک سو بکریاں، دو خچر ایک گدھا۔ ان میں ایک اونٹنی ایک کروڑ روپے والی بھی تھی۔

شکاری کتے۔

زمینوں سے آنے والا کئی ٹن سالانہ اناج۔

دوسو سات ذاتی خادم نوکر چاکر۔

اس طرح رسول اللہ ﷺ کی معاشرت کی ایک جھلک پیش کر کے روحانی ڈائجسٹ مسلمانوں کی عقیدتوں کے محور و مرکز اور امت مسلمہ کے رہبر و رہنما ﷺ کے بارے میں کیا تاثر قائم کرنا چاہتا ہے؟ افسوس ہے کہ روحانیت کا درس دینے والے رسول اللہ ﷺ کے بارے میں اس طرح کا توہین آمیز پروپیگنڈا شائع کرنے کا سبب بنیں۔ بلا خلاف ایسے لوگوں کے خلاف توہین رسالت آرڈی نینس کے تحت مقدمہ درج ہونا چاہئے اور روحانی ڈائجسٹ کا بائیکاٹ کیا جانا چاہئے۔ اور اس جریدے کی اشاعت پر پابندی لگنی چاہئے۔

..............................................

## تنظیم المدارس کا کنونشن

وفاق المدارس العربیہ کے بعد تنظیم المدارس اہل سنت بھی اسلام آباد میں ایک بھرپور کنونشن کی تیاریوں میں مصروف ہے جس کے لئے کنونشن سنٹر اسلام آباد کی بکنگ کرائی جا چکی ہے۔ تنظیم المدارس کے صدر مولانا منیب الرحمٰن صاحب اور ناظم اعلیٰ جناب ڈاکٹر محمد سرفراز نعیمی صاحب خاصے سرگرم دکھائی دیتے ہیں۔ کراچی میں گزشتہ دنوں صدر تنظیم نے مسلسل رابطہ کاری اور اجلاسوں کا سلسلہ جاری رکھا۔ اور صوبائی و علاقائی تنظیموں کو بھی سرگرم ہونے کی ہدایت کی ہے۔ تنظیم المدارس کا یہ

☆ میں نے امام محمد سے بڑھ کر کوئی فصیح نہیں دیکھا (امام محمد بن ادریس شافعی) ☆

© rasailojaraid.com